# 19-07-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ مائیکروسافٹ ،سافٹ ویئر میں بڑے پیمانے پرخرابی کے بعد دنیا بھرمیں لاکھوں افراد متاثر ہوئے ہیں۔دنیا میں آئی ٹی نیٹ ورک مختلف بزنسیس ، بینکنگ خدمات اوربین الاقوامی پروازیں متاثر ہوئی ہیں۔

☆ ٹی ایس پی ایس سی نے گروپ 2 امتحان کوڈسمبر تک ملتوی کر دیا۔امتحانات کی تاریخ کا بعد میں اعلان کیا جائے گا۔

☆ ریاستی حکومت نے تمام سرکاری اسکولوں میں تعلیمی نظام کومضبوط بنانے کیلئے ایک نئی پالیسی اپنائی ہے۔ریاست میں سیمی ریسیڈینشل اسکولس کھولے جائیں گے۔

☆ مرکزی وزیر کھیل ڈاکٹر منسوکھ منڈاویا نے آج نئی دہلی میں کھیلو انڈیا رائزنگ ٹیلنٹ آئی ڈنٹیفیکیشن ( کیرتی ) پہل کے دوسرے مرحلہ کا آغاز کیا۔

☆☆☆☆☆

ریاست کے بیشتر مقامات پرگذشتہ 48 گھنٹوں سے موسلا دھار بارش ہورہی ہے۔ بھدرادری کتہ گوڈم ضلع میں گوداوری بیسن کے پیڈّ اوا گو میڈیم اریگیشن پروجیکٹ میں بڑے پیمانے پر پانی کے اخراج کی وجہ سے کئی دیہات زیرآب آ گئے ہیں جبکہ درجنوں مویشی بہہ گئے ہیں۔ اَسواراؤ پیٹ منڈل کے گُمّا ڈی ولی میں گذشتہ رات تیز بارش اور بالائی علاقوں سے پانی کے اخراج کی وجہ سے آبپاشی پروجیکٹ میں رخنہ پڑا ہے۔ پڑوسی ریاست آندھراپردیش کے ایلوروضلع کے کئی نشیبی علاقوں میں بھی پانی جمع ہوگیا ہے۔اس سے تلنگانہ کے تین دیہات اور آندھرا پردیش کے پندرہ دیہات متاثر ہوئے ہیں۔ پانی کے اخراج سے پروجیکٹ بھی خالی ہونے کی بات کہی جارہی ہے۔دونوں تلگو ریاستوں کی سرحد پرپیش آئے اس پانی کے بہاؤ کی وجہ سے ہزاروں ایکر پر محیط زرعی فصلوں کونقصان پہنچا ہے۔کئی رابطہ سڑکوں کا ربط دیہاتوں سے ٹوٹ گیا ہے جس کی وجہ سے راحت اور باز آباد کاری کاموں میں بھی مشکلات پیش آرہی ہیں۔آسواراؤ پیٹ کے رکن اسمبلی جے آدی نارائنا، بھدرادری کتہ گوڑم کے کلکٹر جتیش پاٹل اور سپر نٹنڈنٹ آف پولیس روہیت راج نے آج محکمہ آبپاشی کے عہدیداروں کے ہمراہ پراجکٹ کا معائنہ کیا۔نیشنل ڈیزاسٹر ریسپانس فورس NDRF کی ٹیموں نے دو ہیلی کاپٹرس کی مدد سے 28 افراد کو بچایا۔اُدھر بھدرا چلم میں گوداوری ندی کی سطح میں اضافہ ہورہا ہے۔آج صبح پانی کی سطح 24.5فٹ ریکارڈ کی گئی جبکہ پیرورو کی سطح 40.86فٹ تک پہنچ گئی۔ حکام کا کہنا ہے کہ پیرورواور اندراوتی سے آرہے پانی کے تیز بہاؤں کی وجہ سے بھدرا چلم کی سطح خطرے کے نشان تک پہنچ سکتی ہے۔ ریاستی حکومت نے پہلے ہی ضلع انتظامیہ کو چوکس کر دیا ہے۔راحتی سرگرمیوں کیلئے این ڈی آر ایف اور ماہر غوطہ خوروں کوتعینات کیا گیا۔خلیج بنگال میں ہوا کے کم دباؤ کے مرکز کی وجہ سے ریاست کے مختلف علاقوں میں بارش کا سلسلہ جاری ہے۔محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ آج بھدرادری کتہ گوڑم جئے شنکر بھوپال پلی، کھمم، محبوب آباد اور ملگ اضلاع کے کئی مقامات پرشدید بارش ہوسکتی ہے۔ ریاستی چیف سکریٹری شانتی کماری نے کل بھدرادری کتہ گوڑم کے ضلع کلکٹر،ایس پی اور محکمہ آبپاشی کے سینئر حکام کے ساتھ ٹیلی کانفرنسنگ کی اور حالیہ سیلابی صورتحال کے دوران راحت اور باز آباد کاری کے اقدامات پرتبادلہ خیال کیا۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر کھیل ڈاکٹر منسوکھ منڈاویا نے آج نئی دہلی میں کھیلو انڈیا رائزنگ ٹیلنٹ آئی ڈنٹیفیکیشن ( کیرتی ) پہل کے دوسرے مرحلہ کا آغاز کیا۔جدید آئی سی ٹی ٹول کی مدد سے کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو جانچنے کیلئے یہ پہل کی گئی ہے۔ایک ہی پلیٹ فارم پر زمینی سطح سے کھلاڑیوں کی نشاندہی کی جائے گی۔اس موقع پر ماڈاویا نے کہا کہ کیرتی پراجکٹ کا مقصد شہروں، دیہی علاقوں، قبائیلی علاقوں اور ہمالیائی خطہ سے اسپورٹس ٹیلنٹ کی نشاندہی کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت پہلے سو دنوں کے اندر ایک لاکھ اسپورٹس ٹیلنٹ کی نشاندہی کرے گی۔ وزیر کھیل نے کہا کہ منتخب کھلاڑیوں کو ہرطرح کی مدد فراہم کی جائے گی اور سال 2024-25 کے دوران تمام ریاستوں سے بیس لاکھ کھلاڑیوں کا انتخاب کیا جائے گا۔مختلف کھیل سرگرمیاں جیسے آرچری، اتھیلیٹکس ، بیاڈمنٹن ، باکسنگ، فٹبال، ہاکی ، کبڈی، کھوکھو، والی بال، ویٹ لیفٹنگ اور ریسلنگ میں طلبہ کا انتخاب کیا جارہا ہے۔

☆☆☆☆☆

چیف سکریٹری شانتی کماری نے مختلف محکموں کے عہدیداروں کے ہمراہ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا تا کہ ریاست میں اینٹی گریٹیڈ ریسڈینشل اسکولس کے قیام کیلئے زمین کی نشاندہی کی جائے اور دیگر انفراسٹر کچر امور پر بات کی جائے۔ چیف سکریٹری نے کہا کہ وزیراعلیٰ کے ویژن کے مطابق اسکولوں میں انفراسٹرکچر فراہم کیا جانا چاہیئے۔ چیف سکریٹری نے مزید کہا کہ تمام عمارتوں کا ڈیزائن منفرد ہونا چاہیئے اور اسے ایک ہفتہ کے اندر تیار کیا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ کاموں میں پیشرفت کا جائزہ لینے کیلئے انفراسٹرکچر پر حکومت کے مشیر پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے کسان قرض معافی اسکیم میں بدانتظامی اور فنڈس کی دیگر جگہ منتقلی پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ریونت ریڈی حکومت صرف توجہ ہٹانے اور فنڈ کو دیگر جگہوں پر منتقل کرنے کا کام کررہی ہے۔ سوشیل میڈیا پوسٹ میں کے ٹی راما راؤ نے کہا کہ سات مہینے کے انتظار کے بعد حکومت نے قرض معافی اسکیم نافذ کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے کسانوں کو راحت ملنے کے بجائے ان کی مشکلات میں اضافہ ہوا ہے۔ کے ٹی راما روَ نے کہا کہ اہل ہونے کے باوجود کئی کسانوں کے قرض معاف نہیں کیے گئے ہیں۔ کے ٹی آر نے مزید کہا کہ تقریباً تیس تا چالیس لاکھ اہل کسان مایوس ہیں لیکن اس کے باوجود حکومت جشن منارہی ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی حکومت نے ایک اہم فیصلہ کرتے ہوئے گروپ 2 امتحان کو ڈسمبر کے مہینہ تک ملتوی کرنے کا اعلان کیا ہے۔ پہلے یہ امتحان 7 اور 8 اگست کو منعقد ہونا تھا تاہم مختلف طلبہ کی جانب سے ڈسٹرکٹ سلیکشن کمیٹی امتحانات کی وجہ سے گروپ 2 کا امتحان ملتوی کرنے کی گذارش کی جارہی تھی جس کے بعد تلنگانہ اسٹیٹ پبلک سروِس کمیشن نے امتحان کو دوبارہ ری شیڈول کیا ہے۔ گروپ 2 کے تحت 783 جائیدادوں کو پُر کرنے کیلئے 5.51 لاکھ امیدواروں نے امتحان کیلئے درخواست داخل کی ہے۔ ٹی جی پی ایس سی کی جانب سے گروپ 2 امتحانات کی تاریخ کا بہت جلد اعلان کیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

مائیکروسافٹ، سافٹ ویئر میں بڑے پیمانے پر خرابی کے بعد دنیا بھر میں لاکھوں افراد متاثر ہوئے ہیں۔ دنیا میں آئی ٹی نیٹ ورک، مختلف بزنسیس، بینکنگ خدمات اور بین الاقوامی پروازیں متاثر ہوئی ہیں۔ ملک میں انڈیگو، آ کاسا ایئر، اسپائس جیٹ ایئر لائن کا چیکنگ سسٹم متاثر ہوا ہے۔ دنیا کی دیگر ایئر لائن کمپنیوں نے بھی صبح سے اس طرح کے مسائل کی نشاندہی کی ہے۔ کمپنیوں کا کہنا ہے کہ وہ مسئلہ کے حل کیلئے مائیکروسافٹ سے رابطہ میں ہیں۔ ممبئی ایئرپورٹ سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے۔ جبکہ دہلی ایئرپورٹ کا ٹرمنل 2 بھی اس سے متاثر ہوا ہے۔ حیدرآباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بھی انڈیگو، آ کاسا ایئر، ایئر انڈیا، اسپائس جیٹ اور دیگر ایئر لائن کے مسافرین کو مشکلات پیش آئی ہیں۔ برہم مسافرین نے سوشیل میڈیا کے ذریعہ اپنی ناراضگی کا اظہار کیا۔ اس مسئلہ کی وجہ سے امریکہ میں بھی کئی پروازوں کو منسوخ کیا گیا۔ کہا جارہا ہے کہ امریکہ کی سائبر سکیورٹی فراہم کرنے والی ایک کمپنی Crowdstrike کی جانب سے تکنیکی خرابی کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ کراؤڈ اسٹرائیک نے اپنی ویب سائیٹ پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ اس کی انجینئرنگ ٹیمیں مسئلہ کے حل کیلئے سرگرمی سے کام کررہی ہیں۔ ہندوستان میں بھی کئی یوزرس نے مائیکروسافٹ خدمات میں تکنیکی خرابی کی شکایت کی ہے۔ نیوزی لینڈ، جاپان اور دیگر ممالک میں بھی اس طرح کے مسائل سامنے آئے ہیں۔ انڈین کمپیوٹر ایمرجنسی ریسپانس ٹیم نے بھی اس ضمن میں ایڈوائزری جاری کی ہے۔ اسی دوران مرکزی وزیر آئی ٹی اشوینی ویشنو نے کہا کہ وزارت آئی ٹی مائیکروسافٹ اور اس کے ذیلی اداروں سے رابطہ میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مسئلہ کی نشاندہی کرتے ہوئے اسے جلد سے جلد حل کرنے کیلئے کمپنی پر دباؤ ڈالا جارہا ہے۔ وزیر آئی ٹی نے بتایا کہ نیشنل انفورمیٹکس سنٹر کا نیٹ ورک اس سے متاثر نہیں ہوا ہے۔ کئی ایئر لائن کمپنیوں کی جانب سے ایئرپورٹ پر مینویل چیکنگ اور بورڈنگ کی جارہی ہے اور مسافرین کو وقت سے پہلے ایئرپورٹ پہنچنے کی گذارش کی جارہی ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی حکومت نے تمام سرکاری اسکولوں میں تعلیمی نظام کو مضبوط بنانے کیلئے ایک نئی پالیسی اپنائی ہے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرما آرکا کے ہمراہ آج سکریٹریٹ میں ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے محکمہ تعلیم کے سکریٹری بی وینکٹیشم کو آئندہ تین برسوں کے دوران تمام سرکاری اسکولوں کو مستحکم کرنے کیلئے حکمت عملی تیار کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ مربوط رہائشی اسکولوں کے ساتھ ساتھ سیمی ریسیڈینشل اسکول کھولنے کے سلسلے میں اپنی تجاویز پیش کریں۔ انہوں نے محکمہ تعلیم کے حکام سے کہا کہ پلے اسکول کی طرز پر آنگن واڑی مراکز میں تیسری جماعت تک تعلیمی سرگرمیاں چلانے کیلئے بھی منصوبہ بندی کی جائے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ تمام طلبہ کو ان کے آبائی علاقوں میں تعلیمی سہولیات فراہم کرنے کیلئے انتظامات کیے جائیں۔

☆☆☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے من کی بات پروگرام کے اگلے ایڈیشن کیلئے لوگوں سے موصول ہوئی تجاویز پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ من کی بات کا اگلا پروگرام اس مہینہ کی 28 تاریخ کو نشر ہوگا۔ نریندر مودی نے آج ایک سوشیل میڈیا پوسٹ کے ذریعہ کہا کہ انہیں من کی بات پروگرام کیلئے بڑے پیمانے پر تجاویز مل رہی ہیں۔ وزیراعظم نے لوگوں سے کہا کہ وہ my gov،namo ایپ اور نمبر 1800117800 پر اپنے پیامات ریکارڈ کر کے بھیج سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆